Fikr-o-Nasar (Islamabad) 13:5 (1975)

تعارف و تبصرہ

بچّوں کے لئے قرآن : قیمت - پانچ روپے پچاس پیسے -

بچّوں کے لئے حدیث : قیمت - پانچ روپے پچاس پیسے -

بچّوں کے لئے خطرے : قیمت - چھ روپے پچیس پیسے -

ملنے کا پتہ : فیروز سنز، لاہور - راولپنڈی - کراچی -

یہ تینوں چھوٹی چھوٹی کتابیں جناب ڈاکٹر عبدالرؤف صاحب ماہر نفسیات اور ماہر تعلیم نے لکھی ہیں - اور فیروز سنز نے انھیں نہایت خوب صورت انداز میں کعبہ شریف اور مساجد مشہورہ کے نقشہ جات کے ساتھ عمدہ کاغذ پر رنگین جلدوں سے مزین کر کے بچّوں کے ذوق کے مطابق دیدہ زیب انداز میں شائع کیا ہے -

فاضل مصنف نے ان میں قرآن مجید سے اور احادیث نبویہ سے عقاید، اخلاق اور اعمال سے متعلق بڑی مفید اور کار آمد باتیں اصل آیاتِ قرآنی اور متن احادیث کے ساتھ درج کی ہیں - تیسری کتاب "بچّوں کے لئے خطرے" میں وہ تمام خطرات آسان الفاظ میں الگ الگ کر کے بتائے ہیں جو کمسن بچّوں کو بدنی یا ذہنی طور پر لاحق ہو سکتے ہیں - یہ ننھی مُنّی کتابیں بہت ہی مفید اور کار آمد ہیں، بچّوں کو پڑھانی چاہئیں ان سے اُن میں اچھے اخلاق اور بہتر افکار کے پیدا ہونے کی امید کی جا سکتی ہے -

(سید عبدالقدوس ہاشمی)

ـــــــــ ٥ ـــــــــ